21/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فاروق احمد سے خبریں سُنئے

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا مان سون اجلاس آج سے شروع ہوا ۔ایوان کی کاروائی شروع ہوتے ہی اپوزیشن جماعتوں نے ایوان میں ہنگامہ آرائی کی ، جس کے بعد دونواں ایوانوں کی کاروائی کو 12 بجے تک ملتوی کیا گیا ۔ بعد میں لوک سبھا کی کاروائی کو ایک بار پھر ہنگامہ آرائی کے نتیجے میں دو بجے تک ملتوی کیا گیا ۔ قابل ذکر ایک ماہ تک جاری رہنے والے اس اجلاس کے دوران کئی بلیں منظوری کے لئے ایوان میں پیش کی جائیں گی ۔ اجلاس شروع ہونے سے قبل آج صبح وزیر اعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ ہاوس کے باہر میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے آپریشن سندور پر بات کی اور اسے بھارت کے لئے جیت کی ایک علامت قرار دیا ۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران پوری دنیا نے بھارت کی بھر پور فوجی طاقت کا مشاہدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران فوج نے مقررہ سو فیصد ہدف حاصل کر لیا اور دہشت پسندی کے سرغنوں اور ان کے ٹھکانوں کو محض 22منٹوں کے دوران زمین بوس کیا ۔

--------

واضح رہے کہ 21 اگست تک جاری رہنے والے اجلاس میں کل 21 نشستیں ہوں گی۔ آپریشن سندور کے بعد پارلیمنٹ کا یہ پہلا اجلاس ہے۔

اس سے قبل حکومت نے کل نئی دلی میں کل جماعتی میٹنگ طلب کر کے انہیں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانونکی کاروائی احسن طریقے سے چلانے میں حکومت کو دستِ تعاون فراہم کرنے کی اپیل کی ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہانے کل بال تال بیس کیمپ کا دورہ کر کے شری اَمرناتھ جی یاتراکے تعلق سے اِنتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔لیفٹیننٹ گورنر نے کیمپ ڈائریکٹر، ضلع اِنتظامیہ، پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کے اَفسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی جس میں

یاتریوں کی آسان اور محفوظ آواجائی کو یقینی بنانے کے لئے کئے جا رہے اَقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اُنہوں نے متعلقہ اَفسران کو ہدایت دی کہ وہ حساس مقامات پر یاتریوں کی سلامتی کے لئے ٹھوس اَقدامات کو یقینی بنائےں۔ بعد میں لیفٹیننٹ گورنر نے بال تل بیس کیمپ کے ہسپتال کا دورہ کیا ۔ انہوں نے وہاں ڈاکٹروں اور طبی عملے سے بات چیت کرکے یاتریوں کے لئے دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت نے کہا ہے کہ ان کا دفتر وزارت خارجہ کی پالیسی پاسپورٹ خدمات کو مستحکم کرنے کا وعدہ بند ہے۔ کل سرینگر سے Last Mile کے عین مطابق کر گل کے لئے خصوصی پاسپورٹ وین کو روانہ کئے جانے کے موقعہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے بی ایس راوت نے کہا کہ اس وین کی روانگی دور دراز علاقوں کے لوگوں کو ا

---

ن کے گھروں کے نزدیک پاسپورٹ سہولیات بہم رکھنے کے پاسپورٹ محکمے کے عزم کی ± عکاسی کرتا ہے۔ اس وین کو وزارت خارجہ میں جوائنٹ سیکرٹری اور چیف پاسپورٹ آفیسر ڈاکٹر کے جے سرینو اسا نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور یہ وین رواں ماہ کی 25 تاریخ تک کر گل اور اس کے ملحقہ علاقوں کے شہریوں کی خاطر حج بیت اللہ 2026 کے پیش نظر متعلقہ خدمات فراہم کرنے میں مدد دے گی ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج د دونوں راستوں سے جاری ہے۔ آج دوپہر بارہ بجے تک مزید 13ہزار 203 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔ اس طرح سے مجموعی طور پر درشن کرنے والوں کی تعدادتقریباً تین لاکھ 16 ہزار 612 ہو گئی ہے ۔

اسی دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 7 ہزار908 یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچا ۔

پابندی

سب ڈویژن پٹن میں تحصیل سنگ پورہ کے بعض علاقوں میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور عوامی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے احتیاطی اقدام کے طور پر بھارتیہ ناگرک سُرکھشا سنہتا 2023 کے تحت پابندیاں عائد کردی گئی ہیں۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بارہمولہ کے ایک حکم نامے کے مطابق مذکورہ تحصیل کے مقررہ مقامات پر چار یا اس سے زیادہ

لوگوں کے اجتماع کی اجازت نہیں ہوگی۔ یہ حکم نامہ آج شام ساڈھے نو بجے تک نافذ العمل رہے گا ۔

**پولیس**

میں Ganishbal پوائنٹ X ray کے ذریعے Facial Recognition System اننت ناگ پولیس نے تشخیص کے بعد ایک مشکوک شخص کو گرفتار کیا ۔ تفتیش کے بعد پتہ چلا ہے کہ یہ شخص ایکٹ کے Explosive Substances اور UAPA ملک محلہ درنگبل پانپور کا رہائشی ہے جو کہ نظام کے توسط سے Facial Recognition تحت درج معاملات میں مطلوب ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ملزم کی پہچان نے مذکورہ سکیورٹی سسٹم کو ایک اثر دار سلامتی نظام کے طورپر اجا گر کیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ